Leicestershire Partnership
NHS Trust

Room 100/110 Pen Lloyd
Building
County Hall
Leicester Road
Glenfield
Leicestershire
LE3 8RA

Tel: 0116 225 6000
www.leicspart.nhs.uk

محترم والدین/نگہداشت کار اور کم سن فرد،

**متعدد طرح کے کینسرز سے بچاؤ کے لیے ہیومن پیپیلوما وائرس (Human Papillomavirus, HPV) کی ویکسین**

ہم اسکول کے 8 ویں سال میں موجود تمام کمسن بچوں (جن کی عمریں 12 سے 13 برس ہیں) کو ایک اہم ویکسین لگوانے کا موقع دے رہے ہیں، جو ہیومن پیپیلوما وائرس (HPV) سے بچاؤ میں مدد دیتی ہے۔ یہ ایک عام وائرس ہوتا ہے جو مردوں اور خواتین میں بعض طرح کے کینسر پیدا ہونے کا خطرہ بڑھا دیتا ہے۔ HPV کی وجہ سے ہونے والے کینسرز میں سروائیکل کینسر، منہ اور حلق کے کینسرز کی بعض اقسام اور اس کے ساتھ ہی ساتھ مقعد اور جنسی اعضاء میں ہونے والے کچھ کینسرز شامل ہیں۔

HPV انفیکشن بے حد عام ہے اور ویکسین نہ لگوانے والے 70% سے زیادہ افراد اس کا شکار ہو جائیں گے۔ HPV جلد کے جلد سے رابطے میں آنے کے ذریعے پھیلتا ہے۔ HPV کی بہت سی اقسام ہوتی ہیں؛ ان میں سے زیادہ تر بے ضرر ہوتی ہیں، لیکن کچھ ختم نہیں ہوتیں اور کینسر کا باعث بن سکتی ہیں یا جنسی اعضاء پر ہونے والے مسوں کا باعث بنتی ہیں۔

HPV ویکسین **مفت، محفوظ اور موثر** ہوتی ہے۔ ویکسین کا استعمال شروع ہونے کے بعد سے، HPV سے متعلقہ کیفیات کا شکار ہونے والے افراد کی تعداد میں نمایاں کمی آئی ہے اور تحقیق یہ تجویز کرتی ہے کہ ابتدائی عمر سے ہی HPV ویکسین دینے سے UK میں ہزاروں افراد کی زندگیاں بچائی جا سکتی ہیں۔ مستقبل میں HPV سے متعلقہ کینسرز سے بچاؤ کا واحد طریقہ اسکول میں ویکسین لگوانا ہے۔ یہ تیزی کے ساتھ بازو کے اوپری حصے میں لگائی جاتی ہے، اور صرف ایک خوارک دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ براہِ کرم نوٹ فرما لیں کہ ان ویکسینز میں کوئی جیلاٹن یا الکحل شامل نہیں ہوتا۔ مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کریں:
tiny.cc/hpvleaflet

## رضامندی کے عمل میں اہم تبدیلی: اب کم سن افراد ویکسینز کے لیے رضامندی دے سکتے ہیں۔

اگر ہمیں ویکسینیشن کے حوالے سے والدین یا نگہداشت فراہم کار کی جانب سے رضامندی کا فیصلہ موصول نہیں ہوتا، تو ایسے میں ذیل میں بیان کردہ عمل کو استعمال میں لاتے ہوئے، ہم ویکسین لگوانے کے دن کم سن افراد کو ذاتی رضامندی دینے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ ہم صرف 8 ویں سال اور اس سے اوپر کے سالوں میں موجود ایسے کم سن بچوں کو اس موقع کی پیشکش کریں گے، جنہوں نے ویکسین سے متعلقہ موزوں معلومات کو پڑھ لیا ہو اور جن کے بارے میں صحت کے کسی ماہر نے یہ تجزیہ کیا ہو کہ وہ اس میں شامل عمل کو مکمل طور پر سمجھتے ہیں۔ صرف ان ہی افراد کو حفاظتی ٹیکہ لگایا جائے گا جو اس کی وصولی سے مطمئن ہوں۔

اگر والدین یا نگہداشت کار ردعمل دے چکا/چکی ہے اور اس نے رضامندی دینے سے انکار کیا ہے تو ایسے میں کم سن فرد کی جانب سے اس فیصلے کو رد نہیں کیا جا سکتا، اور ہم اسے ویکسین نہیں دیں گے۔ ہمیشہ کی طرح ہم کمسن افراد اور ان کے والدین اور نگہداشت فراہم کاروں کو ترغیب دلاتے ہیں کہ وہ پیش کی جانے والی ویکسین کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں اور مل جل کر فارم پُر کریں۔

رضامندی کے بارے میں مزید معلومات یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں:
www.leicspart.nhs.uk/service/schoolagedimms یا آپ ذیل میں موجود ویڈیوز دیکھ سکتے ہیں:




**ویکسینیشنز اور رضامندی کو سمجھنا**
tiny.cc/vaccinationsandconsent




**ہماری کلینیکل سربراہ ذاتی رضامندی کی وضاحت کر رہی ہیں**
tiny.cc/selfconsent

اگر آپ کمسن فرد کو ویکسین نہیں لگوانا چاہتے/چاہتیں تو بھی آپ ہمیں اس سے آگاہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

### ویکسین لگوانے کے لیے اپنی رضامندی کا فیصلہ کیسے ظاہر کیا جائے

- اپنے اسکول کے کوڈ کو نوٹ فرمائیں۔ **[اسکول کا نام]** کے لیے اسکول کوڈ **[اسکول کوڈ]** ہے
- وزٹ کریں **www.leicsandrutlandimms.co.uk** یا ویب سائٹ پر براہ راست جانے کے لیے اپنے اسمارٹ فون کے کیمرے کو استعمال کرتے ہوئے یہ QR کوڈ اسکین کریں۔
- **ہیومن پیپلوما وائرس (HPV)** منتخب کریں اور اسکول کوڈ داخل کریں۔
- رضامندی کے فیصلے کے صفحے پر، براہِ کرم منتخب کریں:
  - میں چاہتا/چاہتی ہوں کہ کم سن فرد کو ویکسین لگائی جائے۔
  - میں نہیں چاہتا/چاہتی کہ کم سن فرد کو ویکسین لگائی جائے۔
- فارم جمع کروانے پر آپ کو ایک تصدیقی ای میل موصول ہو گی۔

اگر آپ آن لائن فارم مکمل کرنے کے قابل نہیں، تو براہِ کرم فون نمبر **0300 3000 007** پر ہمیں کال کریں یا **lpt.sais@nhs.net** پر اپنی رابطہ تفصیلات کے ساتھ ای میل کریں۔ اگر رضامندی پر فیصلے کے حوالے سے آپ کا ذہن تبدیل ہوتا ہے، تو براہِ کرم اس میں تبدیلی کے لیے مندرجہ بالا نمبر پر ہمیں کال کریں۔

آپ کا اسکول آپ کو اس بارے میں مطلع کرے گا کہ ویکسین لگوانے کا سیشن کب واقع ہو گا۔ **ویکسین لگوانے کے سیشن سے ایک کاروباری یوم قبل رضامندی کا نظام بند ہو جائے گا۔** آپ اس روز رضامندی فارم جمع کروانے کے قابل نہیں ہوں گے۔

آپ کی خیرخواہ،

اسکول جانے کی عمر میں لگنے والے حفاظتی ٹیکوں کی خدمت

# HPV ویکسین کس طرح کام کرتی ہے؟

## ویکسین کے بغیر

ہیومن پیپلوما وائرس (HPV) کا شکار فرد

HPV کی زیادہ خطرناک اقسام DNA کو نقصان پہنچا سکتی ہیں

یہ خلیوں کی ٹوٹ پھوٹ اور بے قابو بڑھوتری کا باعث ہو سکتا ہے

یہ کینسر کا سبب بن سکتا ہے

## ویکسین کے ساتھ

ویکسین HPV کی زیادہ خطرناک اقسام - HPV16 اور HPV18 سے بچا سکتی ہے-

فرد HPV 16/18 سے متاثر نہیں ہوتا


خلیوں کو نقصان پہنچنے کا خطرہ کم ہوتا ہے

ہمیں کینسر کے نسبتاً کم واقعات دیکھنے کو ملیں گے

HPV انفیکشن کے خلاف تحفظ کے ذریعے، ہم خلیوں میں تبدیلی کے عمل کو روکنے اور کینسر کے خطرے میں کمی لانے میں مدد کر سکتے ہیں۔

CANCER RESEARCH UK

مل جل کر ہم کینسر کو شکست دیں گے


| **کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات** | |
|---|---|
| کون سی ویکسین پیش کی جا رہی ہے؟ | HPV کے لیے ویکسین کا نام Gardasil9 ہے۔<br>ان ویکسینز میں **جیلاٹن یا الکحل شامل نہیں ہوتا۔** |
| یہ ابھی کیوں پیش کی جا رہی ہے؟ | HPV ویکسین لگوانے کا بہترین وقت کم سن فرد کے جنسی طور پر فعال ہونے سے قبل کا ہے۔ اس طرح یہ یقینی بنایا جاتا ہے کہ ویکسین ان کو زندگی بھر کے دوران موثر ترین تحفظ فراہم کرے گی۔ اگر کمسن فرد جنسی طور پر فعال ہے، تو بھی شدت سے اصرار کیا جاتا ہے کہ وہ ویکسین لگوائیں۔ |
| اس کے مضر اثرات کیا ہیں؟ | تمام ادویات کی طرح، یہ ویکسین بھی مضر اثرات کا باعث ہو سکتی ہے، گو کہ ہر ایک فرد کو یہ لاحق نہیں ہوتے۔ کم سن فرد میں انجکشن لگوانے کے مقام پر معمولی سی سرخی پیدا ہو سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم ویکسین پراڈکٹ کے ہمراہ ملنے والے ورقہ جات کا مطالعہ کریں۔ |
| میں ویکسین پراڈکٹ کے لیفلیٹ کا کہاں مطالعہ کر سکتا/سکتی ہوں؟ | ملاحظہ کریں: tiny.cc/hpvpil |
| کیا مجھے ویڈیو کی شکل میں معلومات مل سکتی ہیں؟ | ہماری نرسز میں سے ایک کو ویکسین لگوانے کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے سنیئے: tiny.cc/hpvinfo<br><br> |
| کم سن فرد ویکسینز لگوانے کے لیے خود کو کیسے تیار کر سکتا ہے؟ | HPV ویکسین کے بارے میں ہماری اینیمیشن ملاحظہ کریں: tiny.cc/HPVanimation<br><br> |
| کم سن فرد سوئیوں سے خوفزدہ ہوتا ہے، کیا کوئی معاونت دستیاب ہے؟ | آپ ان معلومات کو اپنے رضامندی فارم میں شامل کر سکتے ہیں اور ہماری ٹیم معاونت کے لیے بہترین کوشش کرے گی۔<br>یہ ویڈیو کم سن افراد کو ان کے ویکسین کے تجربے کے حوالے سے مزید یقین دہانی کروا سکتی ہے: tiny.cc/reassurance – ایک ویڈیو یہ بھی ہے: tiny.cc/toptipsforvaccinations |
| یہ پیغام ملتا ہے کہ ای میل ایڈریسز مماثلت نہیں رکھتے یا یہ اسکول کوڈ کو شناخت نہیں کرتا۔ | یقینی بنائیں کہ ای میل ایڈریس اور اسکول کوڈ سے پہلے یا بعد میں کوئی خالی جگہ یا رموزِ اوقاف نہیں۔ |

disability confident EMPLOYER

| | |
|---|---|
| اگر ویکسین لگنے کے دن کم سن فرد غیر حاضر ہو یا اس کی طبیعت خراب ہو تو کیا ہو گا؟ | ویکسین لگوانے کے لیے ایک اضافی موقع دستیاب ہو گا۔ |
| ویکسین لگوانے کا قومی پروگرام کیا ہے؟ | مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کریں: www.nhs.uk/conditions/vaccinations۔ |

**ویکسین کی پیشکش کے بارے میں آپ ان زبانوں میں بھی جان سکتے ہیں:**

**عربی**



tiny.cc/hpvinfoarabic

**فارسی**



tiny.cc/hpvinfofarsi

**گجراتی**



tiny.cc/hpvinfogujarati

**ہندی**



tiny.cc/hpvinfohindi

**پولش**



tiny.cc/hpvinfopolish

**پنجابی**



tiny.cc/hpvinfopunjabi

**ہسپانوی**



tiny.cc/hpvinfospanish

**صومالی**



tiny.cc/hpvinfosomali

**اردو**



tiny.cc/hpvinfourdu

**اگر آپ یہ معلومات کسی دوسری زبان میں چاہتے/چاہتی ہیں، تو ملاحظہ کریں:**
**www.leicspart.nhs.uk/service/schoolagedimms**

| | |
|---|---|
| عربی | ذا كنت ترغب في قراءة هذه الرسالة بلغة أخرى، قم بزيارة موقعنا على الإنترنت |
| گجراتی | જો તમે આ પત્ર ગુજરાતીમાં વાંચવા માંગતા હો તો અમારી વેબસાઇટ પર જાઓ |
| پولش | Jeśli chcesz przeczytać ten list w innym języku, przejdź na naszą stronę. |
| پنجابی | ਜੇ ਤੁਸੀਂ ਇਸ ਪੱਤਰ ਨੂੰ ਕਿਸੇ ਹੋਰ ਭਾਸ਼ਾ ਵਿੱਚ ਪੜ੍ਹਨਾ ਚਾਹੁੰਦੇ ਹੋ ਤਾਂ ਸਾਡੀ ਵੈੱਬਸਾਈਟ 'ਤੇ ਜਾਓ |
| صومالی | Haddii aad jeclaan lahayd inaad ku akhrido warqadan luuqad kale, booqo boggayaga internetka |
| اردو | اگر آپ اردو میں یہ خط پڑھنا چاہتے ہیں تو ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔ |
| یوکرائنی | Якщо ви хотіли б прочитати цей лист іншою мовою, відвідайте |

disability confident EMPLOYER

ٹرسٹ ہیڈکوارٹرز: Bridge Park Plaza, Bridge Park Road, Thurmaston, Leicester. LE4 8PQ
سربراہ: کرشنی وارنگ (Crishni Waring) چیف ایگزیکٹو: اینجلا ہیلری (Angela Hillery)
ہم تمباکو نوشی سے پاک ٹرسٹ ہیں۔
رازداری کے بارے میں ہمارا نوٹس یہاں ملاحظہ کریں www.leicspart.nhs.uk/_Aboutus-Whatwedowithyourinformationprivacynotice.aspx